© rasailojaraid.com



کتابت وطباعت بہتر قیمت ۸ ر پتہ:- ہمدرد منزل لال کنواں دہلی۔

امسال بھی روایات ماضی کے مطابق دہلی کے مشہور و وقیع طبی رسالہ "ہمدرد صحت" کا خاص نمبر "غذائیت" کے نام سے اسی روایتی تزک و احتشام اور خاص اہتمام و انتظام سے شائع ہوا ہے۔ قدیم زمانہ کی تہذیبوں اور تمدنوں میں کیا کیا غذائیں تھیں ان میں عہد بعہد کیا ترقی ہوئی، غذا کا مقصد، غذا کے اجزا ترکیبی نفع وضرر کے اعتبار سے غذاؤں میں باہمی فرق، غذا کے انواع و اقسام۔ مشاہیر عالم کی غذائیں، عمر کی مختلف منزلوں کی مختلف غذائیں۔ پھر غذاؤں کے ساتھ مشروبات کا تعلق اور ان کا باہمی اثر، غذا کے کھانے اور پکانے کے اصول اور ان کے متعلق ہدایات، غذا کو ہضم کرنے کے لئے ہدایات۔ علاج بالغذا۔ غذا میں جنگ اور امن کا اثر۔ غذا اور دوا وغیرہ وغیرہ۔ غرض یہ ہے کہ غذا کی نسبت بحث و تحقیق کا کوئی ایک گوشہ بھی ایسا نہیں ہے جس کا تحقیقی اور پُر از معلومات تذکرہ اس نمبر میں نہ ہو۔ آخر میں خشک اور ٹھوس مضامین کی خشکی کو دور کرنے کے لئے "ادبیات غذا" کے زیر عنوان چند نظمیں اور افسانے ہیں جو کسی نہ کسی حیثیت سے غذا سے ہی متعلق ہیں۔ یہ حقیقت ہے کہ غذا سے متعلق اتنی محققانہ اور جامع طبی، تاریخی، مذہبی اور اقتصادی و معاشرتی معلومات کسی ایک جگہ جمع نہیں ملسکتیں۔ پھر اس گرانی کے زمانہ میں اتنے ضخیم نمبر کو صرف ۸ ر میں فروخت کرنا بڑی ہمت اور خدمتِ خلق کا کام ہے۔ ہندوستان میں غذا کا مسئلہ بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ ہر تعلیم یافتہ ہندوستانی کو اس نمبر کا خاص توجہ اور غور سے مطالعہ کرنا چاہیئے۔

**عالمگیر سالانہ نمبر** تقطیع بڑی ضخامت ۲۱۹ صفحات کتابت اور طباعت عمدہ قیمت ۱۲ر پتہ دفتر رسالہ "عالمگیر" لاہور

یہ لاہور کے مشہور رسالہ عالمگیر کا خاص نمبر ہے۔ جس میں سنجیدہ اور دلچسپ افسانوں کے علاوہ قابل قدر علمی، تاریخی اور ادبی مقالات و مضامین بھی شریک اشاعت ہیں۔ حصۂ منظومات میں جو نظمیں اور غزلیں شامل ہیں ان کا معیار بھی خاصہ بلند ہے۔ علمی اور ادبی تنوعات کے اس ضخیم مجموعہ کے لئے بارہ آنے کی قیمت اور وہ بھی اس گرانی کے زمانہ میں واقعی کم ہے۔



© rasailojaraid.com